© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**احکاماتِ الٰہی**، مرتبہ: انجینیر محمد یوسف صدیقی۔ ملنے کا پتا: دارالاشاعت' اُردو بازار' ایم اے جناح روڈ' کراچی۔ صفحات: ۴۱۰ (بڑی تقطیع' آرٹ پیپر)۔ قیمت: ۳۵۰ روپے۔

موجودہ دور میں اسلامی معاشروں میں رجوع الی القرآن کا روزافزوں رجحان عام مشاہدے میں آتا ہے۔ اس کا ایک اظہار قرآن کے حوالے سے مختلف نوعیت کی کتب کی تحریرواشاعت میں اضافہ ہے۔ اب لکھنے والوں کا دائرہ علماے دین تک محدود نہیں رہا ہے بلکہ جدید تعلیم یافتہ افراد بھی علم حاصل کر کے اس میدان میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ مصنف نے اسی حوالے سے زیرتبصرہ کتاب' مفتی محمد نوراللہ فاضل دیوبند اور محمد حنیف (سی' اے) کے تعاون سے مرتب کی ہے۔ اس کتاب کا دوسرا انگریزی چہرہ بائیں طرف ہے جہاں سرورق پر اس کا عنوان Quranic Commandments درج ہے۔

قرآن کے حوالے سے احکام القرآن ایک الگ مبحث ہے۔ اس پر متعدد کتابیں ملتی ہیں' یہاں مصنف کا مقصد احکامات کی حکمت یا ان پر بحث نہیں ہے بلکہ اس کی ایک فہرست مرتب کرنا اور قاری کے لیے متعلقہ آیت تک رسائی کو سہل بنانا ہے۔ تبصرہ نگار کی رائے میں مصنف اس میں کامیاب ہے۔ مصنف کی سکیم کو سمجھ لیا جائے تو پھر اس سے فائدہ اٹھانا مضمون نگاروں' مقرروں اور مطالعہ کرنے والوں کے لیے بہت آسان ہے۔ مصنف کے اپنے الفاظ میں یہ کتاب صرف اور صرف احکاماتِ الٰہی پر مشتمل آیاتِ قرآنی کا مجموعہ ہے۔ مقصد یہ ہے کہ جو صاحبان مکمل قرآن کریم کے مطالعے کے لیے وقت نہ نکال سکیں تو وہ کم ازکم اس کتاب کو پڑھ کر احکاماتِ الٰہی سے واقف ہو جائیں' خواہ مسلم ہوں یا غیرمسلم۔

کتاب کے پہلے حصے میں ''مضامین احکاماتِ الٰہی'' کے عنوان سے آٹھ موضوعات

© rasailojaraid.com